وافی
wafi

# سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (WEPL) ('کمپنی') کا 57 واں سالانہ اجلاس عام ('اے جی ایم') بروز بدھ، 29 اپریل، 2026ء کی دوپہر 12:00 بجے، بال روم اے، پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، کراچی، میں طبعی اور ورچوئل طور پر، ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے، درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے، منعقد کیا جائے گا:

1۔ مؤرخہ 31 دسمبر، 2025ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کیساتھ آڈٹ شدہ حسابات وصول کرنا، اُن پر غور کرنا، اُنھیں اختیار کرنا اور اُن کی منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی شق (7)223 کے تحت مؤرخہ 31 دسمبر، 2025ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے، مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ اور چیئرپرسن کی جائزہ رپورٹ، کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں اور درج ذیل ویب سائٹ لنک اور QR کوڈ کی مدد سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں:
https://wafi-energy.com/annual-reports-publication/

2۔ ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق مؤرخہ 31 دسمبر، 2025ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے 4.00 روپے (40 فیصد) کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسم کی ادائیگی کا اعلان کرنا اور منظوری دینا۔

3۔ یکم جنوری، 2026ء سے 31 دسمبر، 2026ء کے مالی سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور اُن کا مشاہرہ مقرر کرنا۔

حسب الحکم بورڈ

لالہ رُخ حسین-شیخ
سیکریٹری

کراچی،
فروری، 2026ء

نوٹس:

(i) ارکان کا رجسٹر بروز منگل، بتاریخ 21 اپریل، 2026ء سے بروز بدھ، بتاریخ 29 اپریل، 2026ء تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہے گا۔ بروز پیر بتاریخ 20 اپریل، 2026ء کی شام (5:00 بجے) تک ہمارے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی-75400 کے دفتر میں موصول ہونے والی منتقلی کی درخواستوں کو اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے بروقت سمجھا جائے گا۔

(ii) ارکان ذاتی طور پر یا کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعہ اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں۔ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے اراکین کو اپنا نام، فولیو نمبر، کارآمد ای میل ایڈریس اور اپنے نام پر موجود حصص کی تعداد کو ای میل کرنا ہوگا۔ ای میل کی سبجیکٹ لائن میں "Registration for WEPL's AGM" لکھ کر CompanySec@wafi-energy.com پر ای میل کیجیے۔

(iii) اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق دار رکن کسی بھی دوسرے شخص کو اپنے نمائندے کے طور پر مقرر کرنے کا مجاز ہوگا جو ذاتی طور پر یا ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرے گا۔ یہ نمائندے اجلاس میں رائے شماری کا مطالبہ کر سکتے ہیں، بول سکتے ہیں اور ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ نمائندہ کے لیے اجلاس میں ذاتی طور پر یا ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اُس کی نمائندگی کا فارم اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہوجائے۔

نمائندوں کی تقرری کے لیے نمائندگی کے فارم کی اسکین شدہ کاپی کو ای میل بھی کیا جاسکتا ہے جس پر حصص یافتہ کے دستخط، نمائندوں کے ای میل ایڈریس اور متعلقہ تفصیلات (جیسا کہ نیچے دی گئی ہیں) CompanySec@wafi-energy.com پر بھیجی جاسکتی ہیں۔

نمائندے کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں ہے۔

(iv) ارکان کو اجلاس کے لیے بھیجے جانے والے نوٹس ساتھ نمائندگی کے فارم کی ایک نقل منسلک ہے۔

(v) ویڈیو لنک (لاگ اِن اسناد کے ساتھ) کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے تصدیقی ای میل صرف اُن ارکان/نمائندوں کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میل بتاریخ 27 اپریل، 2026ء کو کاروباری دن کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک، یا اُس سے پہلے، دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہوتی ہیں۔ حصص یافتہ CompanySec@wafi-energy.com سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز پر اپنے تبصرے اور سوالات بھی ارسال کر سکتے ہیں۔

(vi) مطبوعہ حصص (Physical Shares) رکھنے والے ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی-75400 کو فوری طور پر فراہم کردیں۔

(vii) ارکان یا اُن کے نمائندوں کو اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے موقع پر اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، شرکاء کے شناختی کارڈ اور اکاؤنٹ نمبر (ز) یا فولیو نمبر (ز) کے ساتھ پیش کرنا ضروری ہے۔

(viii) مؤرخہ 31 دسمبر، 2025ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات اور سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

(ix) کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق (6)223 کی تعمیل میں، کمپنی نے اپنے اُن حصص یافتگان کو، جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس دستیاب ہیں، سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے برائے سال مختتم 31 دسمبر 2025ء کو بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ اور چیئرپرسن کا جائزہ رپورٹ، ای میل کے ذریعے ارسال کر دیئے ہیں۔ جن حصص یافتگان کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں تھی ان حصص یافتگان کو سالانہ اجلاس عام کے مطبوعہ نوٹس ارسال کیے گئے ہیں اور اُن میں ویب لنک کے ساتھ QR کوڈ بھی موجود ہے تاکہ حصص یافتگان آڈٹ شدہ مالی گوشوارے، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ، اور چیئرپرسن کا جائزہ رپورٹ ملاحظہ کرسکیں۔ کمپنی کسی بھی رکن کی درخواست پر، اُس کے رجسٹرڈ پتے پر، ایک ہفتے کے اندر ان مالی گوشواروں، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ، اور چیئرپرسن کے جائزہ رپورٹ کی مطبوعہ کاپی بلا قیمت فراہم کرے گی۔

(x) **مطبوعہ حصص (Physical Shares) کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے حصص یافتگان کو خصوصی نوٹس:** کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 72 اور ایس ای سی پی کے مراسلہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ، 2021 کی تعمیل میں، لسٹڈ کمپنیوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ موجودہ مطبوعہ حصص کو بک-انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ مندرجہ بالا تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، کمپنی کے مطبوعہ فولیوز/حصص سرٹیفکیٹ رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے حصص کو مطبوعہ فارم سے بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔ مطبوعہ حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے حصص یافتگان کو کئی طریقوں سے سہولت ہوگی، یعنی حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی فوری فروخت اور خریداری کے لیے مارکیٹ کی آسان دستیابی، نقصان اور نقصان کے خطرے کو ختم کرنا، مطبوعہ حصص کے مقابلے میں کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ آسان اور محفوظ منتقلی وغیرہ۔ کمپنی کے حصص یافتگان اپنے مطبوعہ حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے میں مدد کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار یعنی فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

(xi) انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے پہلے شیڈول کی شق 150 اور حصہ سوم کے ڈویژن I کی تعمیل میں ''فائلر'' اور ''نان فائلر'' حصص یافتگان کے لیے منافع منقسم کی صورت میں ہونے والی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس بالترتیب 15 فیصد اور 30 فیصد کی شرح سے منہا کیا جائے گا۔ ''فائلر'' وہ ٹیکس دہندہ ہوتا ہے جس کا نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کی جانے والی ایکٹو ٹیکس پیئرز کی فہرست (اے ٹی ایل) میں درج ہوتا ہے اور ''نان فائلر''، فائلر کے علاوہ شخص ہوتا ہے۔ کمپنی کو فائلرز کے لیے 15 فیصد ٹیکس منہا کرنے کے قابل بنانے کے لیے تمام حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اُن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود تازہ ترین اے ٹی ایل میں درج ہیں، بصورت دیگر نان فائلرز کے لیے اُن کے نقد منافع منقسم پر 30 فیصد کی شرح سے ٹیکس منہا کرلیا جائے گا۔ منافع منقسم کی صورت میں ہونے والی آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کی اجازت صرف اُسی صورت میں دی جائے گی جب کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کتاب بند ہونے کے پہلے دن تک درست ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی موصول ہوجائے۔

(xii) فیڈرل بورڈ آف ریونیو) ایف بی آر (کے مطابق جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین بنیادی حصص یافتہ کی ''فائلر/نان فائلر'' حیثیت کے ساتھ ساتھ مشترکہ حصص یافتگان کی حیثیت کی بنیاد پر اُن کے حصص کے تناسب کی بنیاد پر الگ سے کیا جائے گا۔ مشترکہ حصص یافتگان کے ساتھ حصص رکھنے والے ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موجود حصص کے سلسلے میں بنیادی حصص یافتہ اور مشترکہ حصص یافتگان کے حصص کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار، فامکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو تحریری طور پر فراہم کریں۔ اگر ہمارے رجسٹرار کو مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی جاتی ہیں تو یہ فرض کیا جائے گا کہ بنیادی حصص یافتہ اور مشترکہ حصص یافتگان کے پاس حصص کا تناسب برابر ہے۔

(xiii) زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثناء کا دعویٰ کرنے کے لیے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ 50.00 روپے کے نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم ''CZ-50'' کی تصدیق شدہ نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کتاب کی بندش سے ایک دن پہلے تک جمع کرادیں۔ اگر حصص غیر مطبوعہ (scripless) صورت میں ہیں تو زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم (CZ-50) کو حصص یافتہ کے سی ڈی سی اکاؤنٹ میں اُن کے شریک/سرمایہ کار اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے اپ لوڈ کیا جانا چاہیئے۔ مزید برآں، غیر مسلم حصص یافتگان کو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس حلف نامہ بھی جمع کرنے کی ضرورت ہے جو (https://famco.com.pk/share-registration-service) پر دستیاب ہیا گر اُن کے حصص مطبوعہ سرٹیفکیٹ کی صورت میں ہیں، یا بصورت دیگر، سی ڈی سی پارٹنر/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ اگر حصص غیر مطبوعہ (scripless) شکل میں ہیں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے اس وقت تک استثناء نہیں دیا جائے گا جب تک مذکورہ بالا دستاویزات ہر لحاظ سے مکمل نہ ہوجائیں۔

(xiv) **منافع منقسم کی برقی ذریعہ سے وصولی کے لیے مینڈیٹ**

(ا) برقی ذریعہ سے منافع منقسم کی وصولی کی صورت میں حصص یافتگان کے لیے شناختی کارڈ کی نقول فراہم کرنا لازمی ہے، بصورت دیگر، ایسی معلومات کی عدم دستیابی کی صورت میں، ایس ای سی پی کے 3 جون، 2016ء کے حکم نامے کے تحت منافع منقسم کی ادائیگی روک لی جائے گی۔ لہٰذا جن حصص یافتگان نے ابھی تک شناختی کارڈ کی نقول فراہم نہیں کی ہیں اُنہیں ایک بار پھر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول براہ راست ہمارے شیئرز رجسٹرار کو فراہم کریں۔ حصص یافتگان کو چاہیے کہ وہ شناختی کارڈ کی نقل بھیجتے وقت اپنا متعلقہ فولیو نمبر اور کمپنی کا نام بھی لکھیں۔

(ب) کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی شق 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز، 2017ء کی شقوں کے تحت، ایک لسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان کو صرف برقی ذریعہ سے ہی براہ راست حقدار حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں نقد منافع ادا کرے۔ حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنا بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) جمع نہیں کرایا ہے اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کریں اور اسے شناختی کارڈ کی ایک کاپی کے ساتھ باقاعدہ دستخط شدہ کمپنی کے رجسٹرار کو بھیجیں۔

اگر حصص سی ڈی سی میں رکھے گئے ہیں تو الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم براہ راست حصص یافتہ کے بروکر/شرکاء/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کرایا جائے۔

کسی رکن کے درست IBAN اور شناختی کارڈ کے اپ ڈیٹ نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ایسے رکن کو منافع منقسم کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

(xv) **حصص یافتگان کو تحائف دینے پر پابندی**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آف پاکستان کے سرکلر نمبر 2 آف 2018 مؤرخہ 9 فروری 2018ء اور S.R.O.452(1)/2025 مؤرخہ 17 مارچ 2025ء کی تعمیل میں، سالانہ اجلاس عام کے موقع پر کسی بھی قسم کے تحائف کی تقسیم ممنوع ہے۔

## نمائندگی کا فارم

جناب سیکریٹری صاحب،
وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ،
6، چودھری خلیق الزّماں روڈ، پی او باکس نمبر 3901، کراچی-75530۔

میں/ہم ______ ساکن ضلع ______ بطور رُکن وافی انرجی لمیٹڈ اور حامل ______ عمومی حصص (حصص کی تعداد)
بمطابق شیئر رجسٹر فولیو نمبرز: ______ اور/یا سی ڈی سی میں شراکت کے شناختی نمبر: ______ اور ذیلی اکاؤنٹ نمبر: ______
یہاں، محترم/محترمہ ______ ساکن ضلع ______ یا اُن کی عدم دستیابی کی صورت میں ______
کو پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، کراچی میں 29 اپریل، 2026ء کی دوپہر 12:00 بجے منعقد ہونے والے وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے سالانہ اجلاس عام میں اپنی/ہماری جانب سے ذاتی یا ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا نمائندہ مقرر کرتا/کرتی ہوں/کرتے ہیں۔

اس ______ دن ______ 2026ء کو دستخط کیا گیا۔

گواہان:

ا۔ دستخط
نام: ______
پتا: ______
شناختی کارڈ/پاسپورٹ نمبر: ______

2۔ دستخط
نام: ______
پتا: ______
شناختی کارڈ/پاسپورٹ نمبر: ______

(دستخط کا کمپنی کے پاس رجسٹرڈ دستخط سے مماثل ہونا ضروری ہے۔)

نوٹس:

1۔ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار رُکن کسی بھی دوسرے شخص کو شرکت کرنے، مطالبہ کرنے یا رائے شماری کے مطالبے میں شریک ہونے، رُکن کی جگہ بات کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ مقرر کردہ نمائندہ کو بھی ویسے ہی حقوق حاصل ہوں گے جیسا کہ اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے حوالے سے کسی بھی رکن کو حاصل ہیں۔ نمائندہ کا تقرر، حصص یافتہ کے دستخط شدہ خط کی اسکین کردہ کاپی کے ہمراہ نمائندے کے ای میل پتے اور متعلقہ تفصیلات (جیسا کہ نوٹس میں بتایا گیا ہے) CompanySec@wafi-energy.com پر ای میل کر کے بھی کیا جاسکتا ہے۔
2۔ نمائندگی کے مؤثر ہونے کے لیے، نمائندہ کا تقرر نامہ اجلاس کے منعقد ہونے سے 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہوجانا چاہیے۔
3۔ نمائندے کے لیے کمپنی کا رکن ہونا کی ضروری نہیں۔
4۔ حصص یافتگان اور اُن کے نمائندے، نمائندگی کے فارم کے کے ہمراہ، اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول لازماً منسلک کریں۔

6، چودھری خلیق الزماں روڈ
کراچی- 75530